کنٹونمنٹ بورڈ کے کام کی نگرانی کے لیے ضلع سطح کی کمیٹی کا اجلاس، کنٹونمنٹ حدود میں ٹریفک کے مسائل کا جائزہ لیا گیا

اجلاس کو بتایا گیا کہ کنٹونمنٹ بورڈ کے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے 5 کروڑ 14 لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ ان منصوبوں میں سیوریج لائنوں کی تبدیلی، پینے کے صاف پانی کے نئے پلانٹ کی تنصیب اور مرکزی شاہراہ کی توسیع شامل ہیں۔ کمیٹی کے ارکان نے ہدایت کی کہ ان منصوبوں پر کام کے دوران شہریوں کو درپیش مشکلات کو کم سے کم کیا جائے۔

کنٹونمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹو آفیسر کرنل (ر) شاہد منیر خٹک نے بتایا کہ بورڈ کی حدود میں 27 کلومیٹر طویل سیوریج لائنوں کی تبدیلی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ ان کے مطابق پرانی لائنوں کی وجہ سے کئی علاقوں میں گندا پانی پینے کے پانی کے ساتھ مل جاتا تھا، جس سے پیٹ کے امراض پھیلنے کا خدشہ تھا۔ نئی لائنوں کی تکمیل کے بعد اس مسئلے پر کافی حد تک قابو پا لیا گیا ہے۔